| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: _____ | ہفتہ: 9 | تاریخ: _______ | وقت: 40منٹ |

سبق کا نام: میر اسکول

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- تنوّع کو سمجھ سکیں کہ سکول میں مختلف مذاہب یا سماجی پس منظر سے تعلق رکھنے والے دوست ہو سکتے ہیں۔
- یہ سمجھ لیں کہ مذہبی یا ثقافتی پس منظر سے قطع نظر سکول میں ہر شخص کا احترام کرنا چاہیے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''میر اسکول'' نمایاں کر کے لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ سکول میں مختلف سر گرمیاں ہوتی ہیں جن سے وہ بہت کچھ سیکھتے ہیں جیسا کہ:

کمرا جماعت میں پڑھنا لکھنا سیکھتے ہیں۔

سکول لائبریری میں مختلف معلوماتی کتابیں اور کہانیاں پڑھتے ہیں۔

سکول کینٹین میں کھانا کھاتے ہیں۔

کھیل کے میدان میں اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر مختلف کھیل کھیلتے ہیں اور کھیل کے آداب کے بارے میں بھی جانتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 20منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ کتاب کے صفحہ نمبر 31-32 پر دیے ہوئے متن کو پڑھیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے تو ان کی رہنمائی کریں۔ مشکل الفاظ کے معانی بھی بتائیں۔
- انھیں بتائیں کہ سکول میں مختلف علاقوں اور مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے طلبہ بھی ہوتے ہیں۔
- طلبہ کو ہدایت کریں کہ وہ ایک دوسرے کی مدد کیا کریں۔ اور ایک دوسرے کا خیال رکھا کریں۔

- بہت سے ایسے بچے ہیں جو مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ کیونکہ اِن کا تعلق پاکستان کے دُوسرے علاقوں سے ہوتا ہے۔
- اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو پڑھائی میں مدد کریں اور انھیں کسی چیز کی ضرورت ہو تو ان کے ساتھ بانٹیں۔
- کسی کی چیز کو بغیر اجازت استعمال نہ کریں اور اگر کسی کی چیز استعمال کریں تو اسے ''شکریہ'' کے ساتھ واپس کریں۔
- اپنے ساتھیوں کے ساتھ لڑائی جھگڑے سے گریز کریں اور دوسروں کے ساتھ نرمی سے پیش آئیں اور اگر کسی سے کوئی جھگڑا ہو تو پہلے اپنے اساتذہ کو بتائیں یا اسے بات چیت کے ذریعے سے حل کریں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| جماعت | جَ۔ما۔عَت | گروہ |
| مختلف | مُخ۔تَ۔لف | الگ |
| تعلق | تَ۔عَل۔لُق | واسطہ |

**اعادہ:** 2منٹ

سبق کا مختصراً اعادہ پیش کریں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے پوچھیں کہ:

کیا آپ کا کوئی غیر مسلم دوست ہے؟ اور اگر ہے تو وہ کس مذہب سے تعلق رکھتا ہے؟

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** __________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: میرا اسکول** |

سوال 1: دیے گئے الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں۔

کھیل　　صاف ستھری　　اساتذہ　　چالیس　　بیس

(الف) میرے سکول میں __________ کمرے ہیں۔

(ب) میری جماعت میں __________ بچے ہیں۔

(ج) میرے سکول میں ایک __________ کا میدان بھی ہے۔

(د) میرے سکول کی کینٹین سے __________ اور تازہ چیزیں ملتی ہیں۔

(ہ) میرے سکول کے __________ محنت سے بچوں کو پڑھاتے ہیں۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: اوّل | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ: 9 | اُستاد کا نام:_____ |

سبق کا نام: میر اسکول

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- یہ سمجھ سکیں کہ قوانین کا احترام کرنا کیوں اہم ہے؟
- سکول اور کمرا جماعت کے قوانین کے متعلق بتا سکیں اور ان پر عمل کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/ بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''میر اسکول'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

آپ کے سکول میں آپ کے کتنے دوست ہیں؟

کیا آپ اپنے دوستوں کے علاوہ باقی بچوں کی مدد کرتے ہیں؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو اصول کا مطلب بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہر سکول کے اصول اور قوانین ہوتے ہیں۔ جن پر عمل کرنا چاہیے۔
- انھیں چند قوانین بتائیں جیسا کہ:
  - کمرا جماعت میں بولنے سے پہلے استاد کی اجازت لیں۔
  - دوسروں کی بات مکمل ہونے کا انتظار کریں اور اپنی باری کا انتظار کریں۔
  - کسی کی چیز بغیر اجازت استعمال نہ کریں۔
  - صاف ستھرا یونیفارم پہن کر آئیں۔

- ♦ اپنی جماعت اور سکول کو صاف رکھیں۔
- ♦ پڑھائی میں ایک دوسرے کی مدد کریں۔

- طلبہ کو بتائیں کہ وہ سکول وقت پر آئیں اور اسمبلی میں قطار بنائیں۔
- طلبہ سے کہیں کہ ان کو ان تمام قوانین پر عمل کرنا چاہیے تاکہ وہ اچھے طالب علم میں شامل ہو سکیں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
| --- | --- | --- |
| اجازت لینا | اِ۔جا۔زَت | پوچھنا |
| قطار | قِ۔طار | سیدھی اور لمبی صف |
| کچرا | کچ۔را | کوڑا کرکٹ |

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کا مختصراً اعادہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پوچھیں کہ وہ کمرا جماعت کے کن اصولوں پر عمل کرتے ہیں؟

ان اصولوں کی فہرست تختہ تحریر بنوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

کمرا جماعت کے اصولوں کے بارے میں گفتگو کریں۔

| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: میرا اسکول

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنے سکول میں ملنے والے لوگ (اساتذہ، طلبہ، پرنسپل اور دیگر عمل وغیرہ) کو پہچان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''میرا اسکول'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

آپ سکول کے کن قوانین پر عمل کرتے ہیں؟

سکول کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے آپ کیا کرتے ہیں؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 32 پر دیے ہوئے متن طلبہ سے پڑھوائیں۔ طلبہ سے پڑھوائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ سے ان کے سکول میں موجود عملے اور ان کے فرائض کے بارے میں پوچھیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ کیا وہ ان لوگوں کا احترام کرتے ہیں؟
- طلبہ کو ہدایت دیں کہ ہمیں سکول میں کام کرنے والے تمام لوگوں کا احترام کرنا چاہیے۔
- طلبہ کو بتائیں مالی سکول میں پودے اور پھول لگاتا ہے۔ جس سے ہمارا اسکول خوب صورت نظر آتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں خاکروب سکول کی صفائی کرتا ہے۔ سب اُس کی بہت عزت کرتے ہیں۔
- پرنسپل صاحب تمام کاموں کی نگرانی کرتے ہیں۔

- سکول کو صاف رکھنا ہمارا بھی فرض ہے۔ سکول کو صاف رکھنے کے لیے کچھ قوانین اپنانے چاہیے۔
- جیسا کہ:

♦ کچرا کوڑے دان میں پھینکیں۔

♦ سکول کی دیواروں پر نہ لکھیں۔

♦ میدان میں کھیلنے کے بعد اپنے ہاتھ اور منہ اچھے سے دھوئیں۔

♦ اپنا یونیفارم گندا نہ کریں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| خاکروب | خاک۔روب | جھاڑو دینے والا |
| نگرانی | نِگ۔را۔نی | دیکھ بھال |

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کا مختصراً اعادہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (ii) اور (iii) کا جواب طلبہ سے لیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔